وزیر اعظم نے جوہانسبرگ میں جی 20 سربراہ اجلاس کے موقع پر جنوبی افریقہ کے صدر سے ملاقات کی (23 نومبر، 2025)

23 نومبر، 2025

عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے جی 20 چوٹی کانفرنس کے موقع پر آج جوہانسبرگ میں جمہوریہ جنوبی افریقہ کے صدر جناب سیرل رامافوسا سے ملاقات کی. وزیراعظم نے صدر رامافوسا کی گرمجوشی سے مہمان نوازی اور سربراہی اجلاس کے کامیاب انعقاد پر شکریہ ادا کیا. انہوں نے نئی دہلی جی 20 سربراہی اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کو آگے بڑھانے اور لاگو کرنے کے لئے جی 20 کے ساتھ جنوبی افریقہ کے کاوشوں کی ستائش کی.

2. ہندوستان-جنوبی افریقہ کے تعلقات کو تقویت دینے والے تاریخی رشتوں کو یاد کرتے ہوئے دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور تجارت اور سرمایہ کاری، خوراک کی حفاظت، مہارتوں کی ترقی، کانکنی، نوجوانوں کے تبادلے اور عوام کے درمیان تعلقات سمیت مختلف شعبوں میں باہمی تعاون میں ہونے والی پیش رفت پر طمانیت کا اظہار کیا. انہوں نے مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور اہم معدنیات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا. دونوں رہنماؤں نے جنوبی افریقہ میں ہندوستانی کمپنیوں کی بڑھتی ہوئی موجودگی کا خیرمقدم کیا اور باہمی سرمایہ کاری خاص طور پر بنیادی ڈھانچے، ٹیکنالوجی، اختراع، کانکنی اور اسٹارٹ اپ کے شعبوں میں سہولت فراہم کرنے پر اتفاق کیا. وزیر اعظم نے جنوبی افریقہ کے چیتاوں کو ہندوستان منتقل کرنے کے لئے صدر رامافوسا کا شکریہ ادا کیا اور انہیں ہندوستان کی قیادت میں بین الاقوامی بگ کیٹ الائنس میں شامل ہونے کی دعوت دی.

3. دونوں رہنماؤں نے عالمی جنوب کی آواز کو وسعت دینے کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا. اس تناظر میں وزیر اعظم نے IBSA رہنماؤں کی میٹنگ بلانے کے لیے جنوبی افریقہ کے اقدام کو سراہا. صدر رامافوسا نے 2026 میں ہندوستان کی آنے والی برکس صدارت کے لیے جنوبی افریقہ کی مکمل حمایت کی یقین دہانی کرائی.

جوہانسبرگ
23 نومبر 2025